SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر IV مجریہ ۱۹۷۲

SINDH ORDINANCE NO.IV OF 1972

مغربی پاکستان موٹر گاڑیاں (سندھ ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۲

THE WEST PAKISTAN MOTOR VEHICLES (SINDH AMENDMENT) ORDINANCE, 1972

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
۱۔مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۲۔ ۱۹۶۵ کے مغربی پاکستان آرڈیننس XIX کی دفعہ ۴۹ کی ترمیم
Amendment of Section 49 of West Pakistan Ordinance XIX of 1965
۳۔ ۱۹۶۵ کے مغربی پاکستان آرڈیننس XIX کی دفعہ ۷۰کی ترمیم
Amendment of Section 70 of West Pakistan Ordinance XIX of 1965

سندھ آرڈیننس نمبر IV مجریہ ۱۹۷۲
SINDH ORDINANCE NO.IV OF 1972
مغربی پاکستان موٹر گاڑیاں (سندھ ترمیم)

آرڈیننس، ۱۹۷۲

THE WEST PAKISTAN MOTOR VEHICLES (SINDH AMENDMENT) ORDINANCE, 1972

[۱۸ مارچ ۱۹۷۲]

تمہید (Preamble)

آرڈیننس جس کے ذریعے سندھ صوبہ میں نافذ کرنے کے لیئے مغربی پاکستان موٹر گاڑیاں آرڈیننس، ۱۹۶۵ میں مزید ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کہ سندھ صوبہ میں نافذ کرنے کے لیئے مغربی پاکستان موٹر گاڑیاں آرڈیننس، ۱۹۶۵ میں مزید ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اب اس لیئے، ۲۵ مارچ ۱۹۶۹ کے مارشل لا کے نفاذ کے اعلان کے تحت، عبوری آئینی حکم نامہ کی روشنی میں اور مندرجہ بالا اختیارات کے تحت گورنر سند ھ اور زون "D" کے مارشل لا ایڈمنسٹریٹر نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۱۔(۱) اس آرڈیننس کو مغربی پاکستان موٹر گاڑیاں (سندھ ترمیم) آرڈیننس کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

۱۹۶۵ کے مغربی پاکستان آرڈیننس XIX کی دفعہ ۴۹ کی ترمیم

Amendment of Section 49 of West Pakistan Ordinance XIX of 1965

۲۔سندھ صوبہ میں نافذ کرنے کے لیئے مغربی پاکستان موٹر گاڑیاں آرڈیننس، ۱۹۶۵ میں، جس کے بعد بھی اس کو پرنسپل آرڈیننس کہا جائے گا، اس کی دفعہ ۴۹ میں، ذیلی دفعہ (۲) کی شق (b) کے لیئے مندرجہ ذیل شق متبادل ہوگی، یعنی:

"(b) کوئی دوسری اسٹیج کیرج پرمٹ اگر ہو:

(i) اگر درخواست گذار مغربی پاکستان ٹرانسپورٹرس میچوئل اسسٹنس کوآپریٹو سوسائٹی لمیٹیڈ لاہور یا سندھ بس اونرس کوآپریٹو سوسائٹی لمیٹیڈ، حیدرآباد کی طرف سے بیان کردہ طریقہ کے تحت جاری کردہ گارنٹی کے تحت جمع کرواتا

ہے؛

(ii) اس طرح جاری کردہ گارنٹی کارگر ہو؛ اور

(iii) ایسی گارنٹی ختم نہیں کی گئی؛ یا

(iv) درخواست گذار ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کے چیئرمین کو مطمئن کرنے والی سکیورٹی جمع کروا کر، جس نے کوئی رعایت دینے کے لیئے درخواست کی گئی ہے تو درخواست گذار سے دفعہ ٦٧ کی گنجائشوں کی تحت ادائگی طلب کی جائے-"۔

۱۹٦۵ کے مغربی پاکستان آرڈیننس XIX کی دفعہ ۷۰کی ترمیم

Amendment of Section 70 of West Pakistan Ordinance XIX of 1965

۳۔پرنسپل آرڈیننس کی دفعہ ۷۰ میں، ذیلی دفعہ (۷) کے بعدمندرجہ ذیل نئی ذیلی دفعہ شامل کی جائے گی، یعنی:

"(7-A) کارپوریشن کے مقصد کے لیئے ملازمت پے رکھے گئے سارے افراد ایسی ملازمت کے عرصہ کے دوران پاکستان پینل کوڈ (۱۸٦۰ کا ایکٹ XLV) کی دفعہ ۲۱ کے تحت سرکاری ملازم سمجھے جائیں گے-"۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔